# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- کہانی کی کتابیں بچوں میں تقسیم کریں۔ کہانی کے عنوان کے حوالے سے بچوں سے بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں بلونگڑا کسے کہتے ہیں۔ بچے جو بھی جواب دیں وہ سنیں اور انھیں بتائیں بلونگڑا بلّی کے بچے کو کہتے ہیں

15 منٹ

- بات چیت کے بعد کلاس کے8 - 6 بچوں سے بلند آواز میں کہانی پڑھوائیں۔

- کہانی کی پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں اس کہانی میں کیا بات بتانے کی کوشش کی گئی ہے۔ بچوں کو ان کی رائے کے اظہار کا موقع دیں۔ انہیں بتائیں کہ ایسا کوئی کام یا کھیل نہیں ہے جو لڑکے یا لڑکیوں کے لئے مخصوص ہو ہر کام دونوں لڑکے اور لڑکیاں کرسکتے ہیں لڑکے کھانا پکاتے ہیں، گھر کے اور دوسرے کام کاج کرتے ہیں، آرٹسٹ بنتے ہیں، بہت اچھے درزی ہوتے ہیں، اسی طرح لڑکیاں جہاز اڑاتی ہیں، انجینئر بنتی ہیں، فٹبال اور کرکٹ کھیلتی ہیں۔

- کلاس میں لڑکیوں سے پوچھیے کہ وہ فٹ بال کھیلتی ہیں، درختوں پر چڑھتی ہیں کیا ایسا کرنے سے انھیں گھر والے منع کرتے ہیں۔

- اگر انھیں منع کیا جائے تو پھر انھیں کیسا محسوس ہوتا ہے۔

- کلاس کے لڑکوں سے پوچھیئے گھر کے کام کاج مثلاً: صفائی، کھانا بنانے وغیرہ میں وہ اگر دلچسپی لیں تو گھر والے انہیں کیا کہتے ہیں بچوں کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے دیجئے۔

20 منٹ

- بچوں سے کہیں وہ کام جو اُن کے خیال میں لڑکے اور لڑکیاں دونوں کر سکتے ہیں ایسے کاموں کی فہرست بنائیں۔

### نوٹ

کہانی بلونگڑا کے حوالے سے ہم نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ روزمرہ کی زندگی میں کئے جانے والے کام اور کھیل لڑکے اور لڑکیاں دونوں کرسکتے ہیں ہمارے معاشرے میں ان کاموں کو لڑکوں

اور لڑکیوں کے درمیاں تقسیم کردیا گیا ہے۔ اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ ایک مثبت تبدیلی لائی جائے جس میں کسی بھی کام کو کرتے ہوئے لڑکیوں اور لڑکوں کے درمیان فرق نہیں کیا جائے۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- کہانی پڑھ کر امّی کو سنائیں۔ ان کا انٹرویو لیں۔ ان سے پوچھیں کہ وہ کونسے ایسے کام کرتی ہیں جو عام طور سے مرد کرتے ہیں اور انہیں یہ کام کرنے میں کیسا محسوس ہوتا ہے۔

# سیشن 2

10 منٹ
- کلاس کے چند بچوں سے پوچھیں کہ اُن کی امّی کو کہانی کیسی لگی اور امّی کا انٹرویو پڑھ کر سنائیں۔

5 منٹ
- کلاس کے ان بچوں سے جن سے امّی کا انٹرویو نہیں سنا ان بچوں سے کہیں کہ انہوں نے جو فہرست پچھلے سیشن میں لکھی تھی وہ پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ
- کلاس کے 8 - 6 بچوں سے کہانی میں سے پڑھائی کروائیں۔ صفحہ نمبر2 کی پڑھائی کرتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ وہ جب بور ہوتے ہیں تو کیا کرتے ہیں؟

15 منٹ
- بچوں کو خیالات کے اظہار کرنے کا موقع دیں۔ اُس کے بعداُن سے کہیں اس عنوان پر مضمون کی لکھائی کا کام کریں۔
  - میں جب بور ہوتا / ہوتی ہوں تو۔۔۔۔
  - بچے جب مضمون کا کام مکمل کرلیں تو باری باری کلاس میں باقی بچوں کو اپنا مضمون سنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- درختوں پر رہنے والے کیڑے مکوڑوں، پرندوں اور جانوروں کے بارے میں ریسرچ کریں الگ الگ کالم میں ان کی فہرست بنا کر لائیں۔ ہر کالم میں کم از کم پانچ نام لکھیں۔ ممکن ہو تو اُن کی تصویریں بھی لے آئیں۔

> **ٹیچر کے لیے نوٹ**
>
> اگلے سیشن کے لیے ٹیچر کاغذ، گوند، قینچی، کلر پینسلز کا بندوبست کریں۔ کلاس میں آرٹ ورک کروایا جائے گا۔

# سیشن 3

10 منٹ

- کلاس کے 8-6 بچوں سے پوچھیں کہ وہ جو فہرست گھر سے لائے ہیں اس میں سے جانوروں، کیڑے مکوڑوں اور پرندوں کے نام بتائیں۔

35 منٹ

- بات چیت مکمل کرنے کے بعد ٹیچر بچوں کو کلاس سے باہر لے کر آئیں۔ اگر اسکول میں کوئی درخت ہے تو بچوں کو اُس کا مشاہدہ کرنے کا موقع دیں۔ اب بچوں کو کلاس میں واپس لائیں کاغذ اور کلر پینسلز تقسیم کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ایک درخت بنائیں اور اُس پر رہنے والے جانوروں، پرندوں، کیڑے مکوڑوں کی تصویریں بنائیں۔ بچے جو تصویریں گھر سے لائے تھے وہ بھی درخت پر لگا سکتے ہیں اس کے بعد بچوں کے کیئے گئے کام کا ڈسپلے کریں۔

# سیشن 4

10 منٹ

- کلاس کے جن بچوں نے ابھی تک کہانی کی پڑھائی نہیں کی ان بچوں سے کہانی بلند آواز میں پڑھوائیں۔

15 منٹ

- کہانی کے حوالے سے درج ذیل سوال جواب زبانی کروائیں کلاس کے ہر بچے کو موقع دیں کہ وہ جواب دے سکے۔

1) نوری سعد کے پاس کیوں گئی تھی۔
2) سعد نے نوری کی بات کا کیوں جواب نہیں دیا۔
3) آپ کے خیال میں نوری بہادر تھی یا ڈرپوک اور کیوں
4) دونوں بچے مل کر کیوں کھیلنے لگے۔
5) کیا آپ کے گھر والے نوری کی امّی کی طرح کسی زخمی جانور کو گھر پر رکھنے کی اجازت دیں گے۔
6) اگر آپ کو کہیں سے کوئی زخمی جانور مل جائے تو آپ اُس کا خیال کس طرح رکھیں گے۔

15 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ سوال نمبر6 کے حوالے سے اپنے خیالات ایک پیراگراف کی شکل میں اپنی کاپی میں لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- کہانی کے صفحہ نمبر 1-8 تک میں سے پیراگراف کا املا لیا جائے گا۔ 8-18 تک میں سے الفاظ کا املا لیا جائے گا۔

# سیشن 5

10 منٹ
- پیراگراف اور الفاظ کا املا لیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ اور پیراگراف سے املا لیا گیا تھا وہ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ اور پیراگراف دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ
- املا کا کام مکمل ہونے کے بعد کہانی میں سے الفاظ اور اُن کی ضد کی فہرست بنانے کا کام مکمل کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ کتاب سے ایسے الفاظ جن کی ضد ہو چُن کر بتائیں ٹیچر ان الفاظ کو بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں سے پوچھ کر صحیح ضد لکھیں۔ بچے اس فہرست کو اپنی کاپی میں اتاریں۔ ممکنہ الفاظ یہ ہوسکتے ہیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| شام | صبح |
| باہر | اندر |
| دوست | دشمن |
| پاس | دور |
| ہنسنا | رونا |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| جواب | سوال |
| نیچے | اوپر |
| جلدی | دیر |
| ٹھنڈا | گرم |
| پیچھے | آگے |

## گھر کا کام

5 منٹ
- الفاظ ضد کی فہرست میں سے کسی سات الفاظ یا ضد کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

# سیشن 6

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ کہانی میں سے ایسے الفاظ چُنیں جن کا انگریزی ترجمہ جاننا چاہتے ہوں ان الفاظ کو بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں کی مدد سے ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔ ممکنہ الفاظ یہ ہونگے۔

| English | اردو |
|---|---|
| room | کمرہ |
| evening | شام |
| friend | دوست |
| window | کھڑکی |
| tree | درخت |
| small | چھوٹا |
| child | بچہ |

| English | اردو |
|---|---|
| milk | دودھ |
| table | میز |
| cold | ٹھنڈا |
| picture | تصویر |
| monkey | بندر |
| brother | بھائی |
| paper | کاغذ |

15 منٹ
- یہ کام مکمل کرنے کے بعد بچوں کی مدد سے مذکر مونث کی فہرست بنائیں۔ مذکر الفاظ بچے کتاب سے چن کر بتائیں ٹیچران الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور مونث لکھیں۔ ممکنہ الفاظ یہ ہوسکتے ہیں۔

| مونث | مذکر |
|---|---|
| بلی | بلاّ |
| بہن | بھائی |
| امّاں | ابّا |
| بچی | بچہ |
| بندریا | بندر |

15 منٹ

- اگر بچے انگریزی پڑھ سکتے ہیں تو زیادہ سے زیادہ بچوں سے کہانی کا انگریزی ترجمہ پڑھوائیں ورنہ کسی انگریزی ٹیچر کی مدد سے کہانی بلونگڑا کا انگریزی ترجمہ پڑھوایا جائے۔

# بلونگڑا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk